العادیات

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

ان سرپٹ دوڑانے والے گھوڑوں کی قسم جو ہانپ اٹھتے ہیں۔	۱
پھر پتھروں پر نعل مار کر آگ نکالتے ہیں۔	۲
پھر صبح کو چھاپہ مارتے ہیں۔	۳
پھر اس وقت گرد اڑاتے ہیں۔	۴
پھر اس وقت دشمن کی فوج میں جا گھستے ہیں۔	۵
کہ انسان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے۔	۶
اور وہ اس بات سے آگاہ بھی ہے۔	۷
اور بیشک وہ مال سے بہت محبت کرنے والا ہے۔	۸
کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا کہ جب مردے قبروں میں سے باہر نکال لئے جائیں گے۔	۹
اور جو بھید دلوں میں ہیں وہ ظاہر کر دیئے جائیں گے۔	۱۰
بیشک ان کا پروردگار اس روز ان سے خوب واقف ہو گا۔	۱۱